DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

# پاکستان کپ میں اعداد و شمار کی تاریخ

**کراچی، 8 جنوری 2021ء:**

پاکستان کپ کا پانچواں ایڈیشن کراچی میں شروع ہو چکا ہے، پورٹ سٹی میں ون ڈے ٹورنامنٹ پہلی دفعہ کھیلا جارہا ہے۔

اسٹیٹ بینک اسٹیڈیم میں سدرن پنجاب اور سندھ مدمقابل ہونگے اور یہ میچ براڈکاسٹ کیا جائے گا۔ یوبی ایل اسپورٹس کمپلیکس میں نادرن کا مقابلہ بلوچستان سے ہو گا۔ خیبر پختونخواہ اور سنٹرل پنجاب قائداعظم ٹرافی کے فائنل میں ایک سنسنی خیز مقابلے کے بعد میچ ٹائی ہونے پر مشترکہ طور پر ٹرافی کے حقدار ٹھہرے تھے اب یہ دونوں ٹیمیں این بی پی اسپورٹس کمپلیکس میں آمنے سامنے آئیں گی۔

## شماریات دان مظہر ارشد کی طرف سے پچھلے ایڈیشنز کا جائزہ

## کامیاب ترین ٹیم

خیبر پختونخواہ اور فیڈرل ایریاز نے ٹورنامنٹ میں دو دفعہ کامیابی حاصل کی اس طرح یہ ٹورنامنٹ کی مختصر تاریخ میں کامیاب ترین ٹیمز ہیں۔

2016 میں خیبر پختونخواہ نے فیصل آباد میں کھیلے گئے پہلے ایڈیشن میں کامیابی حاصل کی تھی اور دوسری کامیابی 2019 کے ایڈیشن میں راولپنڈی میں سمیٹی تھی۔ اس طرح فیڈرل ایریاز کی ٹیم نے 2017 میں راولپنڈی اور 2018 میں فیصل آباد میں کامیابی حاصل کی تھی۔

فیڈرل ایریاز نے ٹورنامنٹ کے 13 میں سے 8 میچز میں کامیابی حاصل کی تھی انکی اوسط 61.54 رہی اور یہ کسی بھی ٹیم کی سب سے زیادہ اوسط ہے۔

## سب سے زیادہ اور سب سے کم ٹوٹل

پاکستان کپ کو دنیا میں سب سے زیادہ اسکورنگ ٹورنامنٹ کا اعزاز حاصل ہے، چار سالوں میں 37 مقابلے ایسے ہی جن میں 300 یا اس بھی زیادہ رنز بنے ہیں۔

اب تک ٹورنامنٹ میں سب سے زیادہ رنز 385/4 سندھ کی ٹیم نے 2019 میں فیڈرل کی ٹیم کے خلاف بنائے تھے۔

ٹورنامنٹ میں 350 پلس کے ٹارگٹ تین دفعہ حاصل کئے جا چکے ہیں، 2017 میں فیڈرل ایریاز نے 376 کا ٹارگٹ بلوچستان کے خلاف حاصل کیا۔ بلوچستان نے 2018 میں فیصل آباد میں 373 کا ٹارگٹ خیبر پختونخواہ کے خلاف حاصل کیا تھا اور 2018 میں ہی پنجاب نے بلوچستان کے خلاف 366 رنز کا ٹارگٹ حاصل کیا تھا۔

ٹورنامنٹ کی تاریخ میں ایک دفعہ 100 رنز کا ٹوٹل بھی ملتا ہے، 2018 فیصل آباد میں سندھ کی ٹیم فیڈرل ایریاز کے خلاف 93 رنز کے مجموعے پر پویلین لوٹ گئی تھی۔

## سب سے کامیاب بیٹسمین

خرم منظور جو سیزن 21-2020 کے لیے سندھ کی ٹیم میں شامل ہیں وہ واحد بیٹسمین ہیں جنہوں نے ٹورنامنٹ میں ایک ہزار سے زائد رنز بنانے کا اعزاز حاصل کیا ہوا ہے۔

34 سالہ خرم منظور نے 1148 رنز 82.00 کے اوسط اور 122.12 کے اسٹرائیک ریٹ سے بنائے اس کے بعد افتخار احمد ہیں جنہوں نے 64.71 کے اوسط سے 906 رنز بنائے۔

خرم منظور پاکستان کپ میں سب سے زیادہ 6 سنچریاں بنانے والے بیٹسمین بھی ہیں

افتخار احمد اس فہرست میں دوسرے نمبر پر ہیں انہوں نے چار سنچریاں اسکور کی ہوئی ہیں۔

ٹورنامنٹ میں 44 اسنچریاں اسکور ہو چکی ہیں

سب سے تیز سنچری بنانے کا اعزاز خرم منظور کو حاصل ہے انہوں نے 100 رنز کا ہندسہ 56 گیندوں پر 2017 میں راولپنڈی میں سندھ کی جانب سے کھیلتے ہوئے خیبر پختونخواہ کے خلاف حاصل کیا۔

خیبر پختونخواہ کے خوشدل شاہ نے 65 گیندوں پر سندھ جبکہ 66 گیندوں پر پنجاب کے خلاف سنچریاں اسکور کیں یہ اس فہرست میں دوسرے اور تیسرے نمبر پر تیز ترین سنچریاں ہیں۔

## بہترین اسٹرائیک ریٹ

آصف علی نے453 رنز 64.71 کی اوسط اور 129.42کے اسٹرائیک ریٹ سے بنائے ہیں۔یہ کسی بھی بیٹسمین جس نے 400 سے زائد رنز بنائے ہیں سب سے زیادہ اسٹرائیک ریٹ ہے۔

ناردرن کے بیٹسمین نے دو سنچریاں بھی اسکور کی ہوئی ہیں۔

آصف علی کے بعد بہترین اسٹرائیک ریٹ کامران اکمل 127.41 ،خوشدل شاہ125.14اور خرم منظور کا 122.12 ہے۔

## سب سے زیادہ چھکے

ٹورنامنٹ میں سب سے زیادہ چھکے لگانے والے بیٹسمین صہیب مقصود اور افتخار احمد ہیں۔دونوں بیٹسمینوں نے 26 ,26 چھکے لگائے۔صہیب مقصود نے چھکوں سے 30.77 فیصد رنز بنائے انہوں نے 509 رنز

بنائے ہیں۔

اس کے بعد اکمل برادرز کا نمبر آتا ہے جنہوں نے 25, 25 چھکے مارے۔ان کے بعد آصف علی اور خرم منظور ہیں جنہوں نے 24 , 24چھکے لگائے۔

## کامیاب بولر

ٹورنامنٹ کے سب سے کامیاب بولر ضیاء الحق ہیں جنہوں نے 24.45 کی اوسط سے 24 وکٹیں حاصل کی ہوئی ہیں۔

دوسرے نمبر پر آف اسپنر بلال آصف کا نمبر آتا ہے انہوں نے 35.17 کی اوسط سے 23 وکٹیں لیں۔

بلوچستان کے عمر گل جنہوں نیشنل ٹی ٹونٹی کے اختتام پر ریٹائرمنٹ لے لی تھی انہوں نے پاکستان کپ میں 32.04 کی اوسط سے 22 وکٹیں حاصل کیں۔

## سب سے زیادہ پانچ وکٹیں

سات بولرز پانچ ، پانچ وکٹیں حاصل کر چکے ہیں لیکن ایک بولر نے اننگز میں چھ وکٹیں حاصل کی ہوئی ہیں۔ سنٹرل پنجاب کی ٹیم میں شامل وقاص مقصود کے پاس ٹورنامنٹ کی بہترین بولنگ کا ریکارڈ ہے۔بائیں ہاتھ کے بولر نے جب ریکارڈ بنایا تو وہ فیڈرل ایریاز کے بولر تھے انہوں نے 2018 میں فیصل آباد میں بلوچستان کے خلاف 63 رنز کے عوض چھ وکٹیں لیں۔

چھ بالروں نے پانچ پانچ وکٹیں حاصل کر رکھی ہیں حروف تہجی کے لحاظ سے ان میں محمد عامر 36/5, عامر یامین 77/5 , عمران خان 57/5, فہیم اشرف 45/5 ، عثمان شنواری 51/5 اور وہاب ریاض 52/5 شامل ہیں۔

## اکنامیکل بولرز

ایسے بولرز جنہوں نے کم از کم بیس اوورز کئے ہیں ان میں لیفٹ آرم اسپنر عماد وسیم سب سے کفایت شعار بولر رہے ہیں انہوں نے 35 اوورز میں 4.48 کی اکانومی سے 157 رنز دیئے ہیں۔

اس کے بعد عثمان شنواری 4.56, وہاب ریاض 4.60, محمد عامر 4.68 اور خالد عثمان 4.92 کا نمبر آتا ہے۔

-END-

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.




National Team Partners

Domestic Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4